# پاک-گلف لیز نگ کمپنی لمیٹڈ

## کوائف افسران اعلیٰ

**۱) چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر وڈیمڈ ڈائریکٹر-جناب محفوظ الرحمان پاشا**

آپ نے کمپنی میں بحیثیت ایگزیکیوٹیوڈائریکٹر 30مارچ 2013 کو ملازمت اختیار کی اور 10جولائی 2013 کو چیف ایگزیکیوٹیو آفیسر اور ڈیمڈ ڈائریکٹر منتخب ہوئے -اسکے علاوہ آپ کاغان ڈویلپمینٹ اتھارٹی اور نیشنل پاور پارک مینیجمینٹ کمپنی پرائیوٹ لمیٹیٹ میں ڈائریکٹر کی حیثیت میں اپنے فرائس سرانجام دے رہے ہیں۔15 اکتوبر 2015 کو آپ اتفاق رائے سے ایک سال کی مدت کے لیے این بی ایف آئی اینڈ مضاربہ ایسوسی ایشن آف پاکستان کے چیئرمین منتخب ہوئے اور اس حیثیت میں اپنے فرائض بخوبی سرانجام دیئے۔

آپنے پشاوریونیورسٹی سے بی ایس سی (الیکٹریکل انجینیئرنگ) کی ڈگری حاصل کی اور اسکے بعد ایسوسیئٹ ممبر، انسٹیٹوٹ آف انجینیئرز پاکستان منتخب ہوئے -آپ نے جرمن زبان میں ڈپلوما بھی حاصل کرر کھاہے-انجینئرنگ کی ڈگری لینے کے بعد آپ خیبر پختونخواہ حکومت کے کمیونیکیشنز اور ورکس ڈپارٹمنٹ میں 1973 سے 1981 تک بحیثیت اسسٹنٹ ایگزیکیوٹیوانجینیئر ملازمت کرتے رہے جہاں آپ کوصوبے کے کثیر ترقیاتی منصوبوں پر کام کرنے کاموقعہ ملا-1981 میں ہی آپ نے کامیابی سے سینٹرل سپیریئر سروسز کاامتحان پاس کیااور پاکستان ٹیکسیشن سروس کے لئے منتخب ہوئے جو بعد ازیں پاکستان انلینڈ ریوینیوسروس کے نام سے جانی گئ -اس ملازمت کے درمیان آپکو مختلف النوع عہدوں اور حکومتی کاموں کا تجربہ حاصل ہوا جس میں آپ ڈپٹی کمشنر سے کمشنر کے عہدوں تک بحسن خوبی آڈٹ، اینفورسمینٹ، لیگل، ٹیکس فیلیسیٹیشن اور ہیومن ریسورسز وغیرہ ڈپارٹمنٹس میں اپنی خدمات انجام دیتے رہے-دوران ملازمت آپ فیڈرل بورڈ آف ریوینیو میں سیکریٹری انٹرنیشنل ٹیکسز بھی رہے جہاں آپ کو مختلف ممالک کے ساتھ دوطرفہ ٹیکس ٹریٹیز تیار کرنے کا بھی موقع ملا -اس دوران آپ کچھ عرصے کے لئے ڈپٹی سیکریٹری، اکنامکس افیئرز ڈویژن، وزارت خزانہ بھی رہے جہاں آپکاپیشہ وارانہ واسطہ مختلف بیرونی حکومتوں کے سرمایہ کاری اور معاشی اداروں، بینکوں اور خود ان حکومتوں سے بھی رہا- آپ وفاقی حکومت سے گریڈبی ایس 21 میں 2011 میں تیس سال ملازمت کے بعد بعزت وخوبی ریٹائر ہوئے-

**۲) چیف آپریٹنگ آفیسر-لیفٹیننٹ کرنل (ریٹائرڈ) سلیم احمد ظفر، تمغہ امتیاز (ملٹری)**

آپنے 19 ستمبر 2007 میں کمپنی میں شمولیت اختیار کی اور 14 فروری 2014 سے 22 اپریل 2019 تک کمپنی کے ڈائریکٹر کے منصب پر منتخب وفائزرہے -آپنے بی اے کی ڈگری پشاوریونیورسٹی سے بی ایس سی (آنرز) کی واراسٹڈیز میں بلوچستان یونیورسٹی سے اور ایم اے (اپلائڈ کریمینولوجی) کی ڈگری کراچی یونیورسٹی سے حاصل کیں-علاوہ ازآں آپ نے جرمن زبان میں ترجمانی کاڈپلوما قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد سے حاصل کرر کھاہے-آپ 1994 میں آرمی سے ڈیپوٹیشن پرپی آئی اے میں مینیجر، انویسٹیگیشن اوروجیلینس کی حیثیت سے مقرر ہوئے-1997 میں آرمی سے ریٹائرمنٹ کے بعد آپ اسٹیٹ بینک آف پاکستان میں بحیثیت چیف سیکیورٹی آفیسر اورڈائریکٹر، انٹرنل بینک سیکیورٹی ڈپارٹمنٹ تعینات کئے گئے اور جون 2007 تک اس عہدے سے منسلک رہے -

**۴) چیف فنانشل آفیسر، کمپنی سکریٹری: محترمہ مہرین اسام**

آپ 15 جون 2023 سے اپنے حالیہ عہدے کے ساتھ کمپنی سے منسلک ہیں۔ آپ نے سینٹ جوزف کانوینٹ کراچی سے اپنی ابتدائی تعلیم حاصل کی اور بعد ازاں گورنمنٹ کامرس کالج (کراچی یونیورسٹی) سے بی کام کی ڈگری حاصل کی۔ اس کے بعد آپ نے کے پی ایم جی تاثیر ہادی اینڈ کمپنی۔ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹز کی فرم میں سی اے کی تکمیل کے لیے آرٹیکلز کئے اور چار سال کی قلیل مدت میں ہی ایک چارٹرڈ اکاؤنٹینٹ کی تعلیم وتربیت مکمل کی اور تمام امتحانات پاس کئے۔ انہوں نے کچھ عرصے اپنی فرم کے بحرین آفس میں بھی کام کیا۔ علاوہ ازیں انہوں نے بے شمار پروفیشنل کورسز اور سیمینارز میں بھی شرکت کی جو انسٹیٹیوٹ آف چارٹرڈ اکاؤنٹنٹز آف پاکستان اور دوسرے نامور اداروں کی جانب سے منعقد کئے گئے۔ آپ کا ایک شاندار تعلیمی پس منظر رہا ہے اور آپ کو مائیکروسوفٹ آفس کی تمام ایپلیکیشنز پر مہارت کلی حاصل ہے۔

**۵) جنرل مینیجر (پنجاب) لیفٹیننٹ کرنل فرحت پرویز کیانی (ریٹائرڈ) تمغہ ءامتیاز (ملٹری)**

تاریخ تقرری 15 مئی 2017

تعلیمی قابلیت: بیچلر آف آرٹس (پشاور یونیورسٹی)، بیچلر آف سائنس (آنرز) (بلوچستان یونیورسٹی)

کرنل کیانی اپریل 1976 سے جنوری 2003 تک پاکستان آرمی سے منسلک رہے۔ 2000 میں انکی خدمات عارضی طور پر بحیثیت ڈائریکٹر 'ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس کے سپرد کر دی گئیں۔ 2003 میں وہ مستقل طور پر ایئرپورٹس سیکیورٹی فورس کے ساتھ منسلک ہو گئے اور چار سال تک چیف سیکیورٹی آفیسر 'جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ' کراچی کے عہدے پر کام کرتے رہے۔ بعد ازآں انکا تبادلہ اسی حیثیت میں علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ 'لاہور کر دیا گیا جہاں 10 سال مزید ملازمت کے بعد بالآخر وہ ستمبر 2014 میں مستقل طور پر ریٹائر ہو گئے۔ ایئرپورٹس سیکورٹی فورس کی ملازمت کے دوران کرنل کیانی نے امریکہ 'برطانیہ 'ملیشیا اور سنگاپور میں ایوی ایشن سیکیورٹی کے حوالے سے کئی کورسز میں شمولیت کی۔ علاوہ ازیں انہوں نے اسپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) کے ساتھ اینٹی ہائی جیکنگ مشقوں میں بھی حصہ لیا۔ کرنل کیانی دسمبر 2015 سے اپریل 2017 تک پیکجز مال 'لاہور کے سیکیورٹی کنسلٹنٹ بھی رہے ہیں۔

**٦) ہیڈ آف آڈٹ۔ محترمہ فرح فاروق**

آپ نے 25 نومبر 2008 کو اپنے موجودہ عہدے کا چارج سنبھالا۔ آپ نے کیمبرج یونیورسٹی کے او اور اے لیولز کے امتحانات اعزازی درجوں سے پاس کرنے کے بعد کراچی یونیورسٹی سے بی کام بھی فرسٹ ڈویژن میں پاس کیا۔ بعد ازاں آپ نے ایسوسی ایشن آف سرٹیفائڈ چارٹرڈ اکاؤنٹنٹز کے تمام امتحانات اور تربیت کے بعد جون 2008 میں افیلیئٹ اور 31 جنوری 2012 میں کامل ممبر کی پوزیشن حاصل کرلی۔ ہائیر ایجوکیشن کمیشن کے مطابق انکی اسناد کو ایک 16 سالہ پڑھائی پر محیط ایم کام کی ڈگری کا درجہ حاصل ہے۔ آپ ایم ایس آفس پر مکمل مہارت رکھتی ہیں۔

**۷) مینیجر ہیومن ریسورس اور ایڈمنسٹریشن - میجر (ریٹائرڈ) عارف اللہ خان لودھی**

آپ 6 اپریل 2011 کو اپنے موجودہ منصب پر فائز ہوئے - آپ کی طویل تعلیمی اسناد کی فہرست میں پنجاب یونیورسٹی سے بی اے اور بلوچستان یونیورسٹی سے ایم اے (انگریزی)، ایم اے (پولیٹیکل سائنس)، ایم اے (انٹرنیشنل ریلیشنز) شامل ہیں - آپ نے 25 سال پاکستان آرمی میں ملازمت کے بعد ریٹائرمنٹ لیا اور مشہور زمانہ برنکس سیکیورٹی میں بطور ایریا مینیجر (بلوچستان) ملازمت کرلی - چار سال بعد آپ یونیبرو انڈسٹریز لمیٹڈ سے بحیثیت سینیئر مینیجر (سیکیورٹی و ایڈمنسٹریشن) منسلک ہوگئے - آٹھ سال اسی عہدے پر فائز رہنے کے بعد آپ نے اگلے تین سال اسی کمپنی میں بحیثیت مینیجر (آئی ایس او سرٹیفیکیشن اور آڈٹ) ملازمت کی - مئی سے دسمبر 2010 کے ایک قلیل عرصے میں آپ بحیثیت مینیجر (آپریشن و ایڈمنسٹریشن) اسٹرائک سیکیورٹی سروسز کمپنی سے بھی وابستہ رہے -